سوال

(304) کیا کولونیا(Cologne)خوشبواستعمال کرنا حلال ہے یا حرام؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مادہ کولونیا کے بطور خوشبواستعمال کرنے کے بارے میں ہمارا کافی اختلاف ہوا ہے کیا اس کے استعمال کے بعد وضو کی تجدید اور جسم کے جس حصہ پر یہ خوشبو لگی ہو اسے دھونا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لونیا کے نام سے مشہور خوشبومادہ ''سبرتو''ہوتا ہے جو اطباء کے بقول ایک نشہ آورچیز ہے لہذا واجب ہے کہ اس خوشبو کا استعمال ترک کردیا جائے اور اس کے بجائے ایسی خوشبو استعمال کی جائے جونشہ آورچیزوں سے پاک ہو۔اس خوشبو کے استعمال کے بعد وضو کرنا واجب نہیں ہے اور نہ جسم کے اس حصہ کو دھونا واجب ہے جہاں یہ خوشبو لگی ہو کیونکہ اس کے ناپاک ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے،

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[مقالات وفتاویٰ]

ص421

محدث فتویٰ